Urdu

# NHS کی سروائیکل سکریننگ

## کولپو سکوپی کروانا



(PHE) پبلک ہیلتھ انگلینڈ نے NHS کی طرف سے یہ کتابچہ تحریر کیا ہے

# آپ کو کولپو سکوپی کی ضرورت کیوں ہے

سروائیکل سکریننگ کے نتائج کی وجہ سے ہم نے آپ کو کولپو سکوپی کی لئے مدعو کیا ہے ۔ یہ عام طور ان 4 وجوہات کی بناء پر ہوتا ہے۔

- ہمیں آپ کے رحم میں غیر معمولی خلیات ملے اور ایک انفیکشن جو انسانی پیلو وائرسHPV کی وجہ سے جنم لے چکا ہے۔
- آپکو ایک HPV انفیکشن ہے جو کہ دور نہیں ہو سکا
- آپ نے بہت سے سکریننگ ٹیسٹ کروائے ہیں جو آپ کو کوئی نتیجہ نہیں دے سکے – (اس بات کا امکان موجود ہے کہ کچھ بھی غلط نہیں ہے لیکن یہ یقینی بنانے کے لئے کولپو سکوپی ضروری ہے)۔
- نرس یا ڈاکٹر جس نے سکریننگ ٹیسٹ سر انجام دیا ہے سمجھتے ہیں کہ آپ کا رحم جتنا صحت مند لگنا چاہئے اتنا نہیں ہے۔

اکثر لوگ جو کلوپوسکوپی کرواتے ہیں انکو رحم کا کینسر نہیں ہوتا۔

# کولپو سکوپی کی جانچ پڑتال

کولپو سکوپی ایسی جانچ پڑتال ہے جس میں رحم میں موجود غیر معمولی خلیات اور ان کی سنگینی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے- یہ آپ کے سرو ائیکل سکریننگ کے بعد کیا جانے والا اقدام ہے- کلوپوسکوپی عموماً ہسپتال میں کی جاتی ہے۔

ماہرین آپ کے رحم کا محدب عدسہ اور روشنی کے ذریعے بغور معائنہ کریں گے جو کہ کلوپوسکوپی کہلاتا ہے۔ وہ ٹشو کا ایک چھوٹا سا نمونہ لیں گے (تشخیص کے لئے) تاکہ رحم کے ان حلقوں کو دیکھ سکیں جو غیر معمولی نظر آرہے ہوں۔ اگر کلوپوسکوپی غیر معمولی خلیات کی موجودگی کی تصدیق کردے۔ تو رحم کے کینسر سے بچنے کے لئے ان خلیات کو ختم کرنا بے حد ضروری ہے۔

# کولپو سکوپی کروانا

## آپ کی ملاقات سے پہلے

اگر آپ اس امر کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ کوئی خاتون نرس یا ڈاکٹر آپ کی کولپو سکوپی انجام دے تو براہ مہربانی کلینک پر ملاقات کا وقت طے کرتے وقت درخواست دیں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کو طے شدہ ملاقات کے دن ماہواری ہو گی تو آپ کلینک پر فون کر کے کسی اور دن کی ملاقات طے کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے حیض کے دنوں میں بھی آ سکتی ہیں ۔

کلوپو سکوپی کے دوران آپ کے رحم کے معائنے کو زیادہ آسان بنانے کے لیے براہ مہربانی 24 گھنٹے قبل مباشرت کرنے یا کسی قسم کی دوائی، چکناہٹ بڑھانے والا مواد یا کریم استعمال کرنے سے پرہیز کریں۔

آپ اپنے ساتھ ایک عدد جانگیہ بھی لے کر جائیں کیونکہ کلوپوسکوپی کے دوران آپکی فرج سے رطوبت کا اخراج ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا چھوٹا سا ٹشو نمونے کے طور پر لیا گیا ہے تو تب بھی خون کا اخراج ہو سکتا ہے۔

آپ اپنے ساتھ کسی دوست، جیون ساتھی یا خاندان کے کسی فرد کو لا سکتے ہیں۔


## آپ کی طے شدہ ملاقات کے وقت

آپ کو کمر کے نیچے سے کپڑے اتار کر بیڈ پر اس طرح سے لیٹنا ہو گا کہ آپ کے گھٹنے مڑے ہوں۔ آپ سے درخواست کی جائے گی کہ اپنی ٹانگیں ایک گدی والے سہاروں پر رکھ دیں۔ آپ کے پاس ایک پیپر شیٹ یا تولیہ ہوگا جس سے آپ اپنا پیٹ اور کولہے ڈھانپ سکتے ہیں۔ اس سارے عمل میں 10 سے 20 منٹ لگ سکتے ہیں

آپ کے سکریننگ ٹیسٹ کی طرح نرس یا ڈاکٹر آپ کے رحم میں سپیکلم ڈالے گا اور اسے آرام سے کھولے گا۔ اس کے بعد وہ کلپوسکوپی کی مدد سے آپ کے رحم کا باریک بینی سے جائزہ لے گا۔ کلپوسکوپ آپ کے اندر نہیں جائے گا اور نہ ہی آپ کی جلد کو چھوئے گا۔ یہ آپ کے رحم سے 30 سینٹی میٹر باہر رہے گی۔ کلپوسکوپ سے بننے والے خاکے کو سکرین پر دیکھا جاسکتا ہے۔ اس کی مدد سے ڈاکٹر یا نرس آپ کے رحم کے صراحی دار حصے کو واضح دیکھ سکیں گے۔

وہ آپ کے رحم پر مختلف مائعات لگائیں گے۔ اس مائع کی مدد سے غیر معمولی خلیات آرام سے دیکھے جاسکیں گے۔ کیوں کہ وہ مختلف رنگ میں واضح ہو جائیں گے اگر نرس یا ڈاکٹر کو کوئی غیر معمولی چیز نظر آئے تو وہ تشخیص کے لئے چھوٹا سا ٹشو نمونہ کے طور پر لیں گے جو کہ کچھ ملی میٹر تک محدود ہوگا۔ یہ نمونہ تجزیہ گاہ میں جانچا جائے گا۔

یہ عمل کچھ حد تک غیر آرام دہ اور بعض لوگوں کے لئے تکلیف دہ بھی ہوگا۔ اگر آپ کو تکلیف محسوس ہو تو ڈاکٹر یا نرس کو مطلع کردیں اور وہ کوشش کریں گے کہ آپ کے لئے یہ عمل مزید آرام دہ بنا دیں۔




کلوپوسکوپی کروانا

## ملاقات کے بعد

بہت سارے لوگ ٹھیک محسوس کرتے ہیں اور فوراً اپنے روز مرہ کے کاموں میں مصروف ہوجاتے ہیں لیکن کچھ لوگوں کو شاید گھر جا کے آرام کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ کلوپوسکوپی کے دوران استعمال ہونے والے مائع کے باعث رحم سے بھورے رنگ کی رطوبت کا اخراج ہوسکتا ہے

اگلے کچھ دنوں میں آپ کے رحم سے ہلکا ہلکا خون نکل سکتا ہے خصوصی طور پر اگر آپ کی تشخیص ہوئی ہو۔ یہ عام طور پر ہوجاتا ہے اور عموماً تین سے پانچ دن میں رک جاتے ہیں۔ اس صورت حال میں بہتر ہے کہ خون رکنے تک مباشرت، ٹیمپونز استعمال کرنے، دوائیوں، چکناہٹ بڑھانے والے مواد اور کریم سے پرہیز کیا جائے۔

# نتائج

نرس یا ڈاکٹر آپ کو فوراً نتیجے سے مطلع کرسکتے ہیں اگر آپ کا نمونہ لیا گیا ہے تو اسے تجزیہ گاہ بھیجا جائے گا۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو چار دیں۔

## عمومی نتائج

کلوپوسکوپی کروانے والے 10 میں سے 4 لوگوں کے عمومئ نتائج سامنے آتے ہیں۔ اگر کلوپو سکوپی کے نتائج نارمل ہیں تو اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کا رحم صحت مند ہے اور رحم کے کینسر ہونے کے امکانات کم ہیں۔

سروائیکل سکریننگ ٹیسٹ میں غیر معمولی نتائج ملنے کے باوجود آپ کو کلوپوسکوپی کے نارمل نتائج مل سکتے ہیں۔

## غیر معمولی خلیات کی توثیق

کلوپوسکوپی کروانے والے تقریبا 10 میں سے 6 فراد میں غیر معمولی خلیات کی تصدیق ہوتی ہے۔ غیر معمولی خلیات کی طبعی اصطلاح CIN ہے۔ CIN خود کینسر نہیں ہے لیکن کینسر کا موجب ضرور بن سکتا۔

کلوپوسکوپی سے نمونے کے نتائج بتائیں گے کہ غیر معمولی خلیات ختم کرنا ہے یا ایسے ہی رہنے دینا ہے۔ اس بات کا انحصار CIN کے درجے پر ہوتا ہے۔

## CIN 1 (کم درجہ)

آپ کو رحم کا کینسر ہونے کے امکانات کم ہیں۔ اکثر ہمارا مدافعتی نظام غیر معمولی خلیات سے نجات دلانے میں مدد کرے گا۔ اکثر واقعات میں ایسا ہوتا ہے۔ ہم عموماً12 مہینے بعد آپ کو دوبارہ سروائکل سکریننگ کی دعوت دیں گے تاکہ اندازہ لگا سکیں آپ کو ابھی بھی HPV ہے کہ نہیں۔

### CIN 2 یا CIN 3 (زیادہ درجہ)
آپ کو کم درجے کے CIN سے متاثرہ خواتین کی نسبت سروائکل کینسر ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ ہم آپ کو عموماً علاج مہیا کریں گے تاکہ آپ کے غیر معمولی خلیات کو ختم کرکے رحم کے کینسر کا خاتمہ کرسکیں۔

### رحم کا کینسر
بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ کلوپوسکوپی کروانے والے فرد کو رحم کا کینسر ہو۔ اگر آپ کے ساتھ ایسا ہوا ہے تو ہم آپ کو علاج اور احتیاط کے لئے ماہرین کی ٹیم کی طرف بھیجیں گے۔ سکریننگ کے ذریعے سامنے آنے والے کینسر عموماً جلدی سامنے آجاتے ہیں۔ وہ لوگ جن کے کینسر کا جلدی سراغ مل جائے کہ زندہ رہنے کے امکانات دوسرے لوگوں کی نسبت بڑھ جاتے ہیں جن کے کینسر کا دیر سے پتا چلتا ہے۔

## رحم کے غیر معمولی خلیات ختم کرنے کا علاج
عام طور ٌپر زیادہ درجے کے غیر معمولی خلیات کو اس علاج کے ذریعے ختم کردیا جاتا ہے اس دوران یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ رحم کے صحت مند حصے متاثر نہ ہوں۔ LLETZ ایک ایسا علاج ہے جس کے ذریعے غیر معمولی خلیات آرام سے ختم کر دیئے جاتے ہیں۔ آپ کے کلوپوسکوپی کے علاج پر مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل لنک فالو کریں۔(www.nhs.uk).

بعض اوقات لوگوں کو پہلی کلوپوسکوپی کے بعد بھی علاج کے لئے آنا پڑتا ہے ہے لیکن اکثر اوقات پہلی دفعہ میں ہی غیر معمولی خلیات ختم کر دیے جاتے ہیں۔

اگر آپ کو علاج کے لئے آنا پڑتا ہے تو اس کے لئے کلینک موجود ہیں۔ ہم عموماً ایسی بے ہوشی کی دوا استعمال کرتے ہیں جس آپ ہوش میں رہتی ہیں لیکن آپ کو درد محسوس نہ ہو۔

علاج کے بعد ہم آپ کو سروائیکل سکریننگ کی دعوت دیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ علاج ٹھیک ہوچکا ہے۔

اگر آُپ حاملہ ہیں تو ہم آپ کے غیر معمولی خلیات بچہ پیدا ہونے کے بعد ختم کریں گے۔ آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر سے بات کرنی چاہئے تاکہ آپ کو اس بات کی یقین دہانی ہوسکے کہ درست وقت پر علاج کروایا جارہا ہے۔

## علاج کے خطرات

حالانکہ یہ رحم کے کینسر کے لئے ایک آزمودہ علاج ہے بہر حال اس علاج کے اپنے خطرات ہیں۔

غیر معمولی خلیات کو دور کرنے سے انفیکشن کا خطرہ ہوتا ہے۔
انفیکشن کی وہ علامات جن کے بارے میں آپ کو اپنے GP جو بتانا چاہئے درج ذیل ہیں۔

- خون کا تیز بہاؤ
- خون کا ایسا بہاؤ جو رکتا نہ ہو۔
- فرج سے ایسا اخراج جس سے بدبو آئے
- پیٹ میں درد جو دور نہ ہو رہا ہو۔

غیر معمولی خلیات کی موجودگی مستقبل کے حمل کو متاثر کرسکتی ہے۔ وہ خواتین جو غیر معمولی خلیات کو ختم کرنے کے بعد حاملہ ہوتی ہیں ان میں بچہ جلدی پیدا ہونے کے امکانات کم ہوتے ہیں اگر وہ اپنا معیاری علاج کروائیں۔ اگر ایک سے زیادہ ٹشو ختم کئے جائیں تو بچہ ایک سے دو ماہ جلدی پیدا ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ یہ عمل تقریباً 16 فی صد خواتین (100 میں سے 16) کو متاثر کرتا ہے جو وسیع علاج کرواتی ہیں اور بچہ پیدا کرتی ہیں۔*

*کیسٹنن A اور دوسرے 2014 جلدی پیدا ہونے والے بچوں سے متعلق انگلینڈ میں پائی جانے والی کیس سٹڈیز برٹش میڈیکل جرنل 349، g6223

ضروری نہیں کہ جن لوگوں کے غیر معمولی خلیات ہوں وہ رحم کے کینسر میں مبتلا ہوجائیں۔ ہم ہر ایک علاج کی سہولت فراہم کرتے ہیں کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ جانچا جاسکے کہ کس کو کینسر ہوسکتا ہے اور کس کو نہیں

## رحم کے کینسر کی علامات

اس بات کے وسیع امکانات موجود ہیں کہ باقاعدگی سے سکریننگ ٹیسٹ کروانے کے دوران کینسر پھیلنا شروع ہوجائے۔ یہ ضروری ہے کہ ہر اس چیز کی جانچ پڑتال کی جائے جو آپ کے لئے غیر معمولی ہو خاص طور پر:

- ماہواری کے علاوہ خون آنا، جنسی تعلقات قائم کرنے سے قبل یا بعد میں خون آنا یا حیض ختم ہونے کے بعد خون کے دھبے ظاہر ہونا
- رحم کے اخراج میں تبدیلی

اگر آپ کو کسی ایسی تبدیلی کا سامنا ہے تو اپنے GP سے فوراً رابطہ کریں۔

عام طور پر یہ علامات کینسر کا سبب نہیں ہوتیں۔ لیکن اگر آپ کو کینسر ہے تو اس کی جلد تشخیص اور علاج آپ کی زندگی کی معیاد کو بڑھا سکتا ہے۔

## کلوپوسکوپی کے بعد ٹشو کے نمونوں کو کیا ہوتا ہے۔

آپ کے نمونے تجزیہ گاہ میں دس سال تک رکھے جاسکتے ہیں۔ آپ کے نتائج تک ہیلتھ سروس کے دیگر کو رسائی حاصل ہوگی تاکہ وہ اپنی خدمات بہتر طور پر سرانجام دے سکیں اور اپنے کام میں مہارت حاصل کرسکیں۔

# مزید معلومات اور رہنمائی

مزید معلومات کے لئے آپ:

- اپنے GP یا نرس سے رابطہ کرسکتے ہیں
- ملاحظہ کریں www.nhs.uk/cervical
- www.gov.uk ملاحظہ کریں اور سرچ کریں سروائیکل سکریننگ Jo'sسروائیکل
- سکریننگ کی ہیلپ لائن 08008028000 پر کال کریں-

ملاحظہ کریں پبلک ہیلتھ انگلینڈ اور NHS کا کام
www.gov.uk/phe/screening-data

اس کتابچہ کا HTML ورژن دستیاب ہے آپ اس کو بڑے پرنٹ میں ملاحظہ کر سکتے ہیں اور ڈاوءن لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔ ملاحظہ کریں
www.gov.uk/government/publications/cervical-screening-colposcopy

ہم آپ کو بریل ورژن بھی بھیج سکتے ہیں۔ ای میل
phe.screeninghelpdesk@nhs.net

Image credit(s)
Cover: Monkey Business Images/Shutterstock
Page 5: یہ معلومات کسی بحی شکل اور وضع میں آپ

لوگوز کے علاوہ] مفت استعمال کر سکتے ہیں۔ گورنمنٹ لائسنس کے تحت . جہاں ہم نے اور ذرائع [ سے معلومات لی ہیں وہاں آپ کو کاپی رائٹ ہولڈر سے اجازت لینی ہو گی

PHEجریدہ گیٹ وے نمبر GW-345

پہلی اشاعت June 2019
موجودہ اشاعت June 2019
اگلی نظرثانی: June 2022

کتابچہ کے حوالہ جات CSP15
PN2465448
Crown copyright 2019 ©

پبلک ہیلتھ انگلینڈ ، UN کے پائیدار ترقیاتی اہداف کی حمایت کرتا ہے

Corporate member of Plain English Campaign
Committed to clearer communication
339